## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 10th December, 2025 at 11:00 a.m.

**1.** *Tilawat*, *Hadith*, *Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MS. GULNAZ SHAHZADI** to invite attention of the Minister for Federal Education and Professional Training to a matter of urgent public importance regarding private educational institutions in Islamabad Capital Territory are compelling their students to purchase uniforms and books from them, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

**4.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the National Database and Registration Authority Ordinance, 2000 [The National Database and Registration Authority (Amendment) Bill, 2025].

**5.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**6.** **MS. SEHAR KAMRAN**
**SHAZIA MARRI** to move for leave to introduce a Bill further to provide for environmentally sound management of lifecycle of batteries, prevent environmental pollution, protect public health, and promote a circular economy [The ICT Batteries (Management and Recycling) Bill, 2025].

**7.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**8.** **MR. TAHIR IQBAL** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Co-operative Societies Act, 1925 [The Co-operative Societies (Amendment) Bill, 2025].

**9.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

### LEGISLATIVE BUSINESS

**10.** **MS. NATASHA DAULTANA** to move that the Bill to provide for the establishment of Fatima University of Science and Technology in Multan [The Fatima University of Science and Technology Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**11.** **MS. NATASHA DAULTANA** to move that the Bill to provide for the establishment of Fatima University of Science and Technology in Multan [The Fatima University of Science and Technology Bill, 2025], be passed.

**12.** **HAJI JAMAL SHAH KAKAR** to move that the Bill to provide for the establishment of the University of Innovation and Technology [The University of Innovation and Technology Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**13.** **HAJI JAMAL SHAH KAKAR** to move that the Bill to provide for the establishment of the University of Innovation and Technology [The University of Innovation and Technology Bill, 2025], be passed.

**14.** **RANA IRADAT SHARIF KHAN** to move that the Bill to provide for the establishment of Rawal International University, Islamabad [The Rawal International University-Islamabad, Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**15.** **RANA IRADAT SHARIF KHAN** to move that the Bill to provide for the establishment of Rawal International University, Islamabad [The Rawal International University-Islamabad, Bill, 2025], be passed.

**16.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to provide for the establishment of Orbit Institute of Management and Technology [The Orbit Institute of Management and Technology, Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**17.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to provide for the establishment of Orbit Institute of Management and Technology [The Orbit Institute of Management and Technology, Bill, 2025], be passed.

## MOTION

**18. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Shazia Marri, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**19. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2025].

## MOTION

**20. SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to provide for the Corporate Social Responsibility in Profit-making Companies [The Corporate Social Responsibility Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Dr. Nafisa Shah, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**21. SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for the Corporate Social Responsibility in Profit-making Companies [The Corporate Social Responsibility Bill, 2025].

## MOTION

**22. DR. SHAZIA SOBIA ASLAM SOOMRO,** Acting Chairperson Standing Committee on Federal Education and Professional Training to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to provide for the establishment of Allied Institute at Multan [The Allied Institute, Multan Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Khawaja Izhar Ul Hassan, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**23. DR. SHAZIA SOBIA ASLAM SOOMRO,** Acting Chairperson Standing Committee on Federal Education and Professional Training to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for the establishment of Allied Institute at Multan [The Allied Institute, Multan Bill, 2025].

## RESOLUTION

**24. DR. SHAZIA SOBIA ASLAM SOOMRO** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to regulate the marketing, labeling, and sale of processed and junk foods, enforce nutritional labeling standards, and to restrict the sale and promotion of junk food within and around educational institutions".

## MOTION UNDER RULE 259

**25. MR. FATEH ULLAH KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Federal Board of Revenue (FBR).

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**26.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**27. MS. ASEEFA BHUTTO ZARDARI** **SYED NAVEED QAMAR**
**MR. ABDUL QADIR PATEL** **DR. NAFISA SHAH**
**SYED RAFIULLAH** to invite attention of the Minister for Defence to a matter of urgent public importance regarding Federal Government has failed to name new International Islamabad Airport after the name of Shaheed Mohtarma Benazir Bhutto in recognition of her services for the democracy and the country, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**9th December, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ، ۱۰ دسمبر، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **محترمہ گلناز شہزادی** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے اپنے طلبہ کو زبردستی ان سے یونیفارم اور کتابیں خریدنے پر مجبور کیے جانے سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۵۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۶۔ **محترمہ سحر کامران** **شازیہ مری** تحریک پیش کریں گی کہ بیٹریوں کے قابل استعمال رہنے کی مدت کے دوران ان کے ماحول دوست انتظام، ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام، صحت عامہ کے تحفظ اور ایک گردشی معیشت کو فروغ دینے کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بیٹریاں (انتظام اور دوبارہ کارآمد بنانے) کا بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۷۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۸۔ **جناب طاہر اقبال** تحریک پیش کریں گے کہ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [کوآپریٹو سوسائٹیز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۹۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

### قانون سازی

۱۰۔ **محترمہ نتاشا دولتانہ** تحریک پیش کریں گی کہ ملتان میں فاطمہ یونیورسٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [فاطمہ یونیورسٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۱۔ **محترمہ نتاشا دولتانہ** تحریک پیش کریں گی کہ ملتان میں فاطمہ یونیورسٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [فاطمہ یونیورسٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۲۔ **حاجی جمال شاہ کاکڑ** تحریک پیش کریں گے کہ یونیورسٹی برائے اختراعات و ٹیکنالوجی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [یونیورسٹی برائے اختراعات و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۳۔ **حاجی جمال شاہ کاکڑ** تحریک پیش کریں گے کہ یونیورسٹی برائے اختراعات و ٹیکنالوجی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [یونیورسٹی برائے اختراعات و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۴۔ **رانا ارادت شریف خان** تحریک پیش کریں گے کہ راول انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [راول انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۱۵۔ **رانا ارادت شریف خان** تحریک پیش کریں گے کہ راول انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [راول انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۶۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۱۷۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

**۱۸۔ راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔(پیش کردہ منجانب شازیہ مری، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

**۱۹۔ راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات، کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## تحریک

**۲۰۔ سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل تحریک پیش کریں گے کہ منافع بخش کمپنیوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کی بابت احکام وضع کرنے کے بل [کارپوریٹ سماجی ذمہ داری بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔(پیش کردہ منجانب ڈاکٹر نفیسہ شاہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

**۲۱۔ سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل، منافع بخش کمپنیوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کی بابت احکام وضع کرنے کے بل [کارپوریٹ سماجی ذمہ داری بل، ۲۰۲۵ء] پر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## تحریک

**۲۲۔ ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو**، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گی کہ ملتان میں الائیڈ انسٹیٹیوٹ کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کے بل [الائیڈ انسٹیٹیوٹ، ملتان بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔(پیش کردہ منجانب خواجہ اظہار الحسن، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

**۲۳۔ ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو**، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، ملتان میں الائیڈ انسٹیٹیوٹ کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کے بل [الائیڈ انسٹیٹیوٹ، ملتان بل، ۲۰۲۵ء] پر رپورٹ ہذا پیش کریں گی۔

## قرارداد

**۲۴۔ ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پراسیسڈ اور جنک فوڈ کی مارکیٹنگ، لیبلنگ اور فروخت کو منضبط کرنے، نیوٹریشن لیبلنگ کے معیارات کو نافذ کرنے اور تعلیمی اداروں اور ان کے گردونواح میں جنک فوڈ کی فروخت اور تشہیر پر پابندی عائد کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔''

## تحریک زیر قاعدہ ۲۵۹

**۲۵۔ جناب فتح اللہ خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

**۲۶۔** قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**۲۷۔ محترمہ آصفہ بھٹو زرداری** **سید نوید قمر** **جناب عبدالقادر پٹیل** **ڈاکٹر نفیسہ شاہ**
**سید رفیع اللہ** وزیر برائے دفاع کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو جمہوریت اور ملک کے لیے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی خدمات کے اعتراف میں نئے انٹرنیشنل اسلام آباد، ایئرپورٹ کو ان کے نام سے منسوب کرنے میں وفاقی حکومت کی ناکامی سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۹ دسمبر، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**